Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۷ مارچ سنہ ۱۹۳۷ء {جلد ۲۱}

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری ترمیم " قواعد تفویض اختیارات "	۲
۲	تنسیخ رخصت ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی سکول	۲ و ۳
۳	منظوری توسیع مدت ملازمت بابو سوہن لال مستعار الخدمت	۳
۴	منظوری قانون وراثت اہل ہنود ریاست رامپور ۱۹۳۶ء	۴
۵	منظوری رپورٹ کمیٹی دربارہ ٹریننگ اپرنٹسان برائے رفتار و بندستگر کینیز	۵ تا ۸

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

حکم:- واقع ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء

درخدمت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم حکم

بموجب ضرورت ترمیم قاعدہ ۱۷ قواعد تفویض اختیارات بصورت ازدیاد عبارت مندرجہ عرضداشت منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

بعرض　　جناب عالی　　پیر ساتھ

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء میں عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز متعلق ترمیم قاعدہ ۱۷ قواعد تفویض اختیارات بصورت ازدیاد عبارت مندرجہ ذیل بعد الفاظ "سو" پیش ہوئی۔

" عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر متعلق صیغہ کے رجسٹر موجودات سے ایسی اشیاء جو ضرورت محکمہ جات میں صرف ہو جایا کریں اور ان کی قیمت خرید سو روپے سے زائد ہو بلا مشورہ فائنانس خارج کر سکیں گے۔ اور رجسٹر موجودات میں حوالہ اس حکم کا مع تاریخ و نمبر کے جس کے ذریعے سے ضرورت محکمہ جات میں صرف کرنے کی بابت حکم ہوا ہو تحریر کیا جائے"۔

چونکہ کونسل نے ترمیم مجوزہ سے اتفاق کر لیا ہے لہذا ترقی خواہ منظوری ہے پیدا ہمایوں سے حکم

منظوری ترمیم حوالہ شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

مسل عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
عرضداشت ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء
صدور حکم ۲۰ مارچ

سررشتہ صدور سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۲ مارچ ۱۹۳۶ء

عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء

تجویز عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم توسیع رخصت ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول منظور شدہ ۲۶ مارچ ۱۹۳۶ء تا مئی ۱۹۳۶ء

بدیں صراحت کہ ہیڈ ماسٹر صاحب
نے اپنے بچوں کے سخت علیل ہوجانے
کی وجہ سے اب سفر انگلستان
ملتوی کردیا ہے ۔ اور تنسیخ رخصت
کے مستدعی ہیں

حکم

بموجب رپورٹ ۔ ہیڈ ماسٹر صاحب
ہائی اسکول کی رخصت منظور شدہ منسوخ
کی جانا منظور ہے کاغذات برائے کارروائی
اجرائے احکام عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر
بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط مہتمم تعلیمات — ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔
ایک نقل درج گزٹ ہو ۔

۲۲ مارچ ۱۹۳۶ء

دستخط فارسی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ ۔ بابو موہن لال مستعار الخدمت
کی مدت ملازمت میں ایک یوم کی توسیع
منظور ہے ۔ کاغذات برائے کارروائی عالی مرتبت
صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط مہتمم تعلیمات

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض	جناب عالی	بہ سرِ یاد

بابو موہن لال مستعار الخدمت کی سابقہ مدت کی توسیع چار ماہ
۲۰ اگست ۱۹۳۵ء سے منظور ہوئی تھی ۔ جو یکم دسمبر ۱۹۳۵ء
کو ختم ہوگئی ۔ لیکن ان کو ۲ دسمبر ۱۹۳۵ء کو سبکدوش
کیا گیا ۔ اس لئے عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر
نے ایک یوم کی توسیع مدت کی تجویز کی ہے ۔ کونسل
نے جلسہ منعقدہ ۱۹ مارچ ۱۹۳۶ء میں توسیع ایک یوم سے
اتفاق کرلیا ہے ۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بحکم
ہمایوں سے حکم منظوری توسیع مدت ایک یوم شرف
نفاذ پائے ۔ زیادہ حد ادب ۔ دولت و اقبال جاوداں باد

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
منظور ہے ۔ دستخط ۲۲ مارچ ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو
اصل کاغذات بغرض اجرائے احکام دارالانشاء کو مرسل ہوں

۲۲ مارچ ۱۹۳۶ء — دستخط فارسی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار — مورخہ ۶ مارچ ۱۹۳۶ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے بموجب استدعائے عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر "قانون وراثت اہل ہنود (رفع محرومیت حقوق ارث) ریاست رامپور ۱۹۳۶ء" کی منظوری دی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

قانون وراثت اہل ہنود (رفع محرومیت حقوق ارث) ریاست رامپور ۱۹۳۶ء

پاس کردہ کمیٹی واضع قوانین

تمہید } ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ دھرم شاستر کا وہ جزو جو بعض قسم کے ورثا کو وراثت سے محروم کرتا ہے ترمیم کیا جائے اور بعض شکوک کو رفع کیا جائے لہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

مختصر نام و وسعت نفاذ } دفعہ ۱۔ (۱) یہ قانون "قانون وراثت اہل ہنود (رفع محرومیت حقوق ارث) ریاست رامپور ۱۹۳۶ء" سے موسوم ہوگا اور قانون ہذا کل علاقہ ریاست رامپور میں گزٹ سرکاری میں تاریخ اشاعت سے نفاذ پذیر ہوگا۔

(۲) اس قانون کا کوئی اثر کسی ایسے شخص پر نہ ہوگا جو تابع قانون دایا بھاگ ہو۔

اشخاص وراثت سے یا جائداد خاندانی مشترکہ کے حقوق سے علیحدہ نہیں کئے جائینگے } دفعہ ۲۔ باوجود کسی قاعدہ ہندو یا رواج کے برخلاف ہونے کے کوئی شخص جو تابع دھرم شاستر ہو بجز اس شخص کے جو پیدائش سے مجنون یا فاترالعقل ہو بعض کسی بیماری خرابی اعضا یا جسمانی یا دماغی عیب کی وجہ سے وراثت یا کسی حق یا حصہ جائداد خاندانی مشترکہ سے محروم نہ ہوگا۔

(۱) مگر کوئی ایسا شخص اگر ممبر خاندان مشترکہ اہل ہنود ہے تو اوس کو تقسیم جائداد یا مال کا حق نہ ہوگا۔ لیکن در صورت تقسیم مابین دیگر ممبران خاندان مشترکہ کے وہ اپنا حصہ جداگانہ پانے کا مستحق ہوگا۔

(۲) در صورت وراثت اگر کوئی ایسا شخص اگر بہ شمول اولاد خود ممبر خاندان مشترکہ اہل ہنود کا ہے تب یہ سمجھا جائیگا کہ جائداد جو بذریعہ ارث پہونچی ہے وہ جائداد خاندان مشترکہ اہل ہنود ہے۔ در صورت نہ ہونے کسی اولاد ذکور کے وہ جائداد جو ارث سے پہونچی ہے تنہا اوس کی ملکیت متصور ہوگی۔

مستثنیات } دفعہ ۳۔ اس قانون کا کوئی اثر کسی ایسے حق یا ذمہ داری پر نہ ہوگا جو اوس کے نفاذ سے قبل حاصل یا پیدا ہوگئی ہو اور نہ اوس کی رو سے کسی شخص کو کسی مذہبی عہدہ یا خدمت یا کسی مذہبی خیراتی امانت کے انتظام کے متعلق کوئی حق حاصل ہوسکیگا جو سوائے اس قانون کے نافذ ہونے کے اوس کو حاصل نہ ہوتا۔

دستخط [illegible]

حکم

واقع ۲۰ مارچ ۱۹۳۷ء

بموجب رپورٹ کمیٹی کی رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات
...رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔
(نوٹ) یہ کاغذات گزٹ کئے جائیں۔)
(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)
(اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

...عرض — ...سیر سیاہہ

جناب عالی

...کے تحریک عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر انچارج صنعت
...ت فیکٹریز میں امیدواروں کی ٹریننگ کے سلسلہ میں طریقۂ
...خب و شرح معاوضہ پر غور کرنے کیلئے کونسل سے بحکم ۹ جنوری
...۱۹۳۷ء حسب مفصلۂ ذیل سب کمیٹی کا تقرر ہوا تھا۔

عالیمرتبت جناب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر	صدر
عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	ممبر
عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس	ممبر

چنانچہ کمیٹی نے اپنی مفصل رپورٹ اس بارہ میں پیش کرتے
...ے سلیکشن کمیٹی کے تقرر کی بھی تجویز کی ہے۔ جسکے ممبران
...ذیل ہونگے۔

عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر انچارج صنعت و حرفت	صدر
عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ	ممبر
چیرمین صاحب میونسپل بورڈ	ممبر

کونسل نے جلسہ منعقدہ ... مارچ ۱۹۳۷ء میں کمپنیز کے ان
...میدیرو باشندگان رامپور کے لئے سہولتیں مہیا کئے جانے کے
...دیا کئے گئے ہیں۔ اظہار شکر کرتے ہوئے کمیٹی کی رپورٹ سے
...ور سلیکشن کمیٹی اتفاق کر لیا ہے۔ بنا بر آں تر تنخواہ استدعا ہے
...نگاہ ہمایوں سے حکم منظوری رپورٹ شرف نفاذ پائے۔
...حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی
تنخواہ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر — ۱۹۳۷ء
مورخہ ... مارچ

سررشتہ صدر سے حکام ضابطہ جاری ہوں۔ حکم ہمایوں کی ایک
نقل مع نقل رپورٹ کمیٹی درج گزٹ کیجائے۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۷ء
(دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر)

ترجمہ

عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر — مورخہ ۹ جنوری ۱۹۳۷ء

جو کمیٹی کونسل کے حکم نمبری ۵ ۲۰۰/۱۵۹۶ کے ذریعہ
ریزیڈنٹ ڈائرکٹر صاحب رضا بلند شوگر کمپنیز لمیٹیڈ کی بھیجی ہوئی اسکیم
دربارہ ٹریننگ اپرنٹسان در رضا بلند فیکٹریز پر غور کرنے کے لئے
مقرر ہوئی تھی اس کے اجلاس ۲۵ و ۳۰ جنوری کو منعقد ہوئے
جنمیں حضرات ذیل شریک تھے۔

(۱) عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایس۔ ساکسینا۔ ریونیو و فائنانس منسٹر۔	صدر
(۲) عالیمرتبت مسٹر ایم۔ اے۔ رؤف۔ منسٹر انچارج تعلیمات۔	ممبر
(۳) منشی نور الحسن صاحب۔ چیرمین میونسپل بورڈ۔	ایضاً
(۴) منشی حامد علی صاحب۔ اگزیکٹیو آفیسر میونسپلٹی	"
(۵) مسٹر سی۔ ای۔ ایم۔ جج۔ ریزیڈنٹ ڈائرکٹر رضا بلند شوگر کمپنیز لمیٹیڈ	"

ریزیڈنٹ ڈائرکٹر صاحب نے بتایا
کہ وہ کسی باشندہ ضلع غیر کو جو کمپنیز میں ملازم
ہیں باشندۂ رامپور کے لئے جگہ نکالنے کی غرض سے
برخاست یا علیحدہ نہیں کرینگے۔ اسلئے ایسا کرنے سے فیکٹری کی مزدور
پارٹی اور کام پر برا اثر پڑیگا۔ برخلاف اسکے وہ صرف آمادہ ہی نہیں
بلکہ کی دلی منشاء ہے کہ تمام جگہیں جو ہوتی جائیں رامپور کے باشندوں
سے بشرطیکہ اہل لوگ دستیاب ہوں پر کیجاویں۔ اس نظریہ سے
کمیٹی ہذا نے اتفاق کیا ہے۔

Technical labour

وہ تین صیغہ جنمیں ٹکنیکل لیبر کی ضرورت پڑتی ہے حسب ذیل ہیں

۱۔ میکینکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ — Mechanical Engineering Dept.
۲۔ الکٹریکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ — Electrical Engineering Dept.

۳۔ کیمیکل ڈیپارٹمنٹ Chemical Dept.

ان محکموں میں جو عملہ کام کر رہا ہے اسکی فہرستیں شامل ہیں۔ کمیٹی نے طریقہ ملازمت و ضروری قابلیت پر ان تینوں شعبوں میں بالترتیب غور کیا۔

مکینیکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ

(الف) اس صیغہ میں ایک چیف انجینیر اور تین اسسٹنٹ انجینیر ہیں۔ ان آسامیوں پر ملازمت کرنے کے لئے یہ ضروری ہو کہ ایسے اسسٹنٹ انجینیرنگ کالج کا ڈپلوما یا ڈگری حاصل کئے ہوئے ہو۔ بدیں وجہ چیف انجینیر یا اسسٹنٹ انجینیر کی جگہ پر کوئی اپرنٹس نہیں رکھا جا سکتا۔ ریاست کو چاہیئے کہ وہ موزوں لوگوں کے ... (روزگار) وظائف کرنے کی آسانیاں بہم پہونچائے جہاں تک کمپنیز ... کا تعلق ہے وہ اس بات پر راضی ہیں کہ ... حضرات کو عملی تعلیم (جو انجینیرنگ ڈپلوما یا ڈگری کی تکمیل کے لئے لازمی ہے) دیں۔ وہ بیک وقت زیادہ سے زیادہ ایک آدمی کو ہر فیکٹری میں ایسا موقع دینے کو تیار ہیں۔ آیندہ اسسٹنٹ انجینیر کی جگہ پر وہ ... یافتہ انجینیروں کو جو سطرح عملی تعلیم حاصل کئے ہوئے ہوں ترجیح دینے کو تیار ہیں

(ب) سب سے بڑی جگہیں مکینکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ میں جنکے لئے ڈگری یا ڈپلوما غیر ضروری ہے۔ شفٹ انجینیروں کی ہیں (Shift Engineer)

mechanic

جو مستری یا مکینک کی جگہ سے ترقی پاتے ہیں اپنی باری آنے پر مکینک انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ کی چھوٹی جگہوں سے ترقی پاتے ہیں۔ لہذا مکینک ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ملازم تمام چھوٹی جگہوں سے گذر کر عملی تجربہ حاصل کرے۔ اس صیغہ میں کمپنیز ہر سال چار جگہیں اپرنٹس مکینک کی دینے کو تیار ہیں (دو دو ہر فیکٹری میں) کمیٹی اس کو منظور کرتی ہے۔

الکٹریکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ

(الف) دونوں فیکٹریوں میں ایک چیف الکٹریکل انجینیر ... ہر فیکٹری میں ایک ایک اسسٹنٹ الکٹریکل انجینیر ہے۔ ان آسامیوں پر تقرر کے واسطے وہی شرائط ہیں جو مکینکل انجینیرنگ ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ انجینیروں کے لئے ضروری ہیں۔ کمپنیز الکٹریکل انجینیر کے لئے ڈگری یا ڈپلوما ... کی تکمیل عملی تعلیم دینے کے لئے اسیطرح تیار ہیں جسطرح مکینکل انجینیر کے ... لیکن ایک وقت میں فی فیکٹری صرف ایک جگہ دیجا سکتی ہے

(ب) الکٹریکل ڈیپارٹمنٹ میں چھوٹی آسامیوں کی ... بجنسہ ویسی ہی ہیں جیسی کہ مکینکل انجینیرنگ میں اور کمپنیز فی فیکٹری دو ... دینے کو تیار ہیں

کیمیکل ڈیپارٹمنٹ

Chemist

(الف) ہر فیکٹری کی کیمیکل ڈیپارٹمنٹ میں ایک چیف کیمسٹ ... ایک سکنڈ کیمسٹ ایک اسسٹنٹ کیمسٹ ایک لیب اسسٹنٹ ... اور ... یہ تمام آسامیاں سوائے اسسٹنٹ کے جو ... ہوتی ہے مستقل ہیں ... اسسٹنٹ کیمسٹ کا انتخاب ان لوگوں میں سے کرتی ہیں جو انسٹی ٹیوٹ آف شوگر ٹکنالوجی کانپور کا ڈپلوما حاصل کئے ہوئے ہوں Sugar Technology Cawnpore اس ... (Chemistry) میں داخلہ حاصل کرنے کے لئے لازمی ہے کہ امیدوار بی ایس سی ... ہو اور کسی شوگر فیکٹری کا منتخب شدہ۔ فی الحال ہر سال ہر فیکٹری دو شخص ... کرسکتی ہے۔ کمپنیز اس انتخاب میں رامپوریوں کو ترجیح دینے کیلئے تیار ہیں بشرطیکہ کافی تعداد میں موزوں اشخاص کی درخواستیں وصول ہوں۔

(ب) ایپ انچارج کی جگہ کے لئے لازمی ہے کہ امیدوار انسٹی ٹیوٹ آف شوگر ٹکنالوجی کانپور کا سرٹیفکیٹ کیمیکل اسسٹنٹ حاصل کئے ہوئے ہو۔ جو بی ... ہوتا ہے کمپنیز بی ایس سی (کیمسٹری) پاس امیدواروں کو کیمیکل ... میں ایک موسم کے لئے کام کرنیکا موقع دیتی ہیں۔ اگر امیدوار موزوں ... ہیں تو انکو اس بات کا سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے کہ انہوں نے کیمیکل ڈیپارٹمنٹ میں کام کیا ہے

کورس کے لئے موزوں ہیں کمپنیز عموماً اس طرح کے دو سرٹیفکیٹ،
فی فیکٹری ہر سال جاری کرتی ہیں اور بالعموم جن امیدواروں
کو یہ سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے وہ انسٹی ٹیوٹ مذکور میں لے لئے جاتے
ہیں۔ اناسسٹ کی موسمی جگہوں کے لئے کمپنیز انسٹی ٹیوٹ سے درخواست
کرتی ہیں کہ وہ ان لوگوں کو بتائے جنہوں نے ایگریکلچرل ٹریننگ کی پہلی مدت
ختم کر لی ہے یہ لوگ ایک موسم بطور اناسسٹ کام کرتے ہیں۔ پھر وہ انسٹی
ٹیوٹ کو تھیوریٹیکل ٹریننگ Theoretical training ختم کرنے اور اناسسٹ کا ڈپلوما حاصل
کرنے واپس جاتے ہیں۔ ڈپلوما حاصل کرنے کے بعد یہ لوگ یا تو بطور
اناسسٹ ملازم ہو سکتے ہیں یا بطور ریسیپ انچارج کمپنیز ہر فیکٹری میں
تین تین "اپرنٹس اناسسٹ" رکھنے کو تیار ہیں جنمیں سے وہ ہر سال
دو کو سرٹیفکیٹ (جسکا ذکر اوپر کیا گیا ہے) جاری کرینگی۔

(ج) کیمیکل ڈیپارٹمنٹ میں تیسری قسم کی آسامی جس کے لئے خاص
ٹریننگ کی ضرورت ہے پین مین Pan man کی ہے۔ ہر فیکٹری میں پانچ پین مین
ہیں جنمیں سے تین چینی ہیں اور دو ہندوستانی۔ تعلیمی معیار جو پین مین کی
جگہ کے لئے ضروری ہے وہ میٹرکس میں انٹرنس ہوتا ہے لیکن پین مین
کے لئے بہت زیادہ تجربہ ہونا ضروری ہے پین مینی بہت ہی خاص
لائن ہے جسمیں کسی دوسری جگہ کے لئے گنجائش ہی نہیں ہے خیال
کیا جاتا ہے کہ زیادہ لوگ اس لائن کو پسند نہیں کرینگے۔ لیکن کمپنیز
فی فیکٹری ایک پین مین اپرنٹس لینے کو تیار ہیں اگر ایک موسم کام
کرنے کے بعد اپرنٹس مذکور موزوں ثابت ہوا تو کمپنیز تیار ہیں کہ وہ
اُن سے انسٹی ٹیوٹ آف شوگر ٹکنالوجی کانپور میں پین مین کے
کورس کے لئے منتخب کرلیں۔ آٹھ مہینہ کی پہلی مدت ختم کرنے کے
بعد اپرنٹس مذکور بطور اسسٹنٹ پین مین کے ایک موسم کی عملی
تعلیم کے لئے فیکٹری کو واپس آئیگا اور پھر اس عملی تعلیم کے ختم کرنے
بعد وہ انسٹی ٹیوٹ کو کورس ختم کرنے اور امتحان پاس کرنے واپس
جائیگا۔ کمپنیز اس عملی تعلیم کے لئے بھی رضامند ہیں۔

(د) کیمیکل ڈیپارٹمنٹ میں بہت سی مختلف آسامیاں بھی
ہیں جن کے لئے ٹکنیکل قابلیت کے مقابلہ میں عملی تجربہ درکار ہوتا
ہے۔ کمپنیز متذکرہ بالا اپرنٹسوں کے علاوہ اور اپرنٹس لینے
پر راضی نہیں ہیں لیکن وہ اپنی تسلیم کردہ پالیسی (یعنی جہاں
تک ممکن ہو تمام جگہوں کو رامپوریوں سے پُر کرنے کی) اختیار
کرتی رہینگی اس متعلق وہ ہر سال عالیجناب منسٹر بااختیار انچارج
صنعت و حرفت کی خدمت میں ایک گوشوارہ بھیجینگی جسمیں
خالی جگہوں کی تعداد اور ان جگہوں کو پُر کرنے کے طریقہ ظاہر
کرینگی۔

اپرنٹسوں کی تنخواہیں

کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ کیمیکل اور الکٹریکل ڈیپارٹمنٹ
میں کے تب اپرنٹس کیمسٹوں اور الکٹریشینوں کو دس روپیہ
ماہوار پہلے سال ڈیولپمنٹ بورڈ سے دیے جائیں۔ دوسرے
اور تیسرے سال انکو بالترتیب پندرہ پندرہ اور بیس بیس
روپیہ ماہوار کمپنیز ادا کرینگی رزیڈنٹ ڈائرکٹر صاحب ہر
اپرنٹس کے لئے ایک ایک پرسنل رول بھی رکھینگے اور اپرنٹس
نے جو کام واقعی کیا ہو اس کا مکمل ریکارڈ رکھینگے اور اسکے افسران نے
جو جو رپورٹیں اس کے کام کے متعلق کی ہیں وہ سب بھی رکھینگے
ہر فیکٹری کی کیمیکل ڈیپارٹمنٹ کے تینوں اپرنٹس اناسسٹ اور
اپرنٹس پین مین کو کمپنیز تیار ہیں کہ خود فی اسم دس روپیہ
ماہوار کا الاونس دیں اسلئے کہ انہیں ان اپرنٹسوں سے کچھ عملی مدد ملے گی

اپرنٹسوں کے انتخاب کرنیکا قاعدہ

کمیٹی کے خیال میں خالی جگہوں کو رزیڈنٹ ڈائرکٹر صاحب
ان لوگوں میں سے انتخاب کرکے پُر کیا کریں جن کی سفارش سلیکشن
کمیٹی نے (جسمیں عالیجناب منسٹر بااختیار انچارج صنعت و حرفت
بطور صدر اور عالیجناب منسٹر بااختیار انچارج تعلیمات اور
چیرمین صاحب میونسپل بورڈ بطور ممبران ہوں) کی ہو رزیڈنٹ
ڈائرکٹر صاحب کلیتاً مجاز ہونگے کہ کسی اپرنٹس کو جو فرمانبردار
نہو یا سست یا نااہل ہو یا کسی دوسری وجہ سے رزیڈنٹ

ڈائرکٹر صاحب کے نزدیک اس جگہ کے لئے جسکی تعلیم اسکو دی جارہی ہے ناموزوں ہو علیحدہ کردیں اس طرح جو جگہ خالی ہوگی وہ سیلکشن کمیٹی کے سفارش کردہ دیگر امیدواروں میں تقرر کیا جاویگا

اپرنٹسوں کی تعداد

ہر سال زیادہ سے زیادہ یکم جولائی تک رزیڈنٹ ڈائرکٹر صاحب سیلکشن کمیٹی کو مطلع کرینگے کہ وہ آئندہ موسم میں کتنی جگہیں دینے کو تیار ہیں اس تعداد کا تعین "اپرنٹسی ختم ہونے تک فیکٹری کے اسٹاف میں کتنی جگہیں خالی ہونے کا امکان ہے" اس پر غور کرنے کے بعد کیا جاویگا۔

لہذا

کمیٹی ہذا کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ کمپنیز نے ان اسامیوں کے بہم پہونچانے میں جس فراخدلی سے کام لیا ہے اسکا شکریہ ادا کیا جائے اور سیلکشن کمیٹی (محولہ بالا) فوراً قائم کیجائے آئندہ موسم میں جتنی جگہیں کمپنیز دینے کو تیار ہیں انکا تعین ہوگیا ہے اس لئے کمیٹی انتخاب کرنے کے کام شروع کرسکتی ہے۔

۱۳ جنوری ۳۶ء   شرح دستخط عالیرتبت مسٹر آر۔ این۔ سانکس بہادر

صدر

" عالیرتبت مسٹر محمد عبدالرؤف بہادر

ممبر

" عالیرتبت مسٹر جی۔ ڈی۔ پارکن بہادر

" ممبر